احکامِ شریعت
امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خان بریلوی
علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلکِ اہلسنّت کے مطابق روزمرّہ شرعی مسائل کا مُستند مجموعہ

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیفِ لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرّہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبّیر برادرز
۴۰۔ بی اردو بازار لاہور

نام کتاب ــــــــــــ احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ــــــــــــ اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلویؒ
ترجمہ عربی ــــــــــــ محمد اول قادری چشتی
دیباچہ سوانح مصنف ــــــــــــ عالم فقری
تعداد طبع اول ــــــــــــ ایک ہزار
سال طباعت ــــــــــــ ۱۹۸۴ء
زیر نگرانی ــــــــــــ جناب حاجی انور اختر صاحب

شبیر برادرز
ناشر ــــــــــــ
اردو بازار لاہور

قیمت ــــــــــــ ۵۷/- روپے

مطبوعہ خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

پھلا روئے مبارک اُس طرف سے پھیر لیا صحابہ نے عرض کیا حضور وہ پاجامہ پہنے ہوئے ہے ارشاد فرمایا اللھم اغفر للمتسرولات اے اللہ بخش دے ان عورتوں کو جو پاجامہ پہنتی ہیں اور غالباً پاجامہ تنگ تھا اس واسطے کہ اگر ڈھیلا ہوتا تو اس میں بھی تہ بند کی طرح کھل جانے کا احتمال ہو سکتا تھا۔

عرض - موم بتی جس میں چربی پڑتی ہے مسجد میں جلانا جائز ہے یا نہیں

ارشاد - اگر مسلمان کی بنائی ہوئی ہے تو جائز ہے ورنہ مسجد ہی میں نہیں ویسے بھی جلانا نہ چاہیئے۔

عرض - یہ جو جرمن وغیرہ ولایتوں سے آتی ہے اس کا کیا حکم ہے۔

ارشاد - ان کا بھی وہی حکم ہے اس واسطے کہ چربی اور گوشت کا ایک حکم ہے اگرچہ گائے ہو یا بکری کسی مسلمان سے کوئی ہندو یا نصرانی چربی لے گیا اور تھوڑی دیر میں واپس لائے اور کہے کہ یہ وہی چربی ہے جو ابھی تم سے لے گیا ہوں اس کا لینا حرام النصرانیۃ لاذبیحۃ لہٗ بخلاف یہودیوں کے کہ اُن کے یہاں اب تک ذبح کرنے کا اہتمام ہے فتاوے قاضی خاں میں ہے الیھودیۃ یذبح اویأکل ذبیحۃ المسلم۔ نصرانی و یہودی کافر دونوں ہیں کہ ایک محبوبان خدا کی محبت میں اور دوسرے عداوت میں قرآن عظیم میں یہودیوں کو مغضوب علیھم اور نصاریٰ کو ضالین فرمایا۔ یہی وجہ ہے کہ آج روئے زمین پر کوئی یہودی ایک گاؤں کا بھی حاکم نہیں بخلاف نصاریٰ کے کہ ان کی سلطنت ظاہر ہے اور بعینہ یہی مثال روافض و وہابیہ کی ہے کہ روافض مثل نصاریٰ کے محبت میں کافر ہوئے اور وہابیہ مثل یہود کے عداوت میں چنانچہ روافض کی حکومت ایران کا تخت موجود ہے اور وہابیہ کی کہیں ایک پڑیہ بھی نہیں۔

عرض - امام مسافر کے پیچھے مقتدی مقیم کو ایک رکعت ملی تو بقیہ نماز میں قرأت کس طرح کرے۔

ارشاد - پہلے دو رکعت مثل لاحق کے بغیر قرأت بقدر سورۂ فاتحہ قیام کرکے قعدہ کرے اور پچھلی رکعت میں قرأت کرے۔